ٹاؤن میونسپل کارپوریشن۔ نیو کراچی

شعبہ اطلاعات و تعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

پریس ریلیز

چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ عامر شہید ڈسپینسری کا افتتاح۔

نیو کراچی ٹاؤن میں بلدیاتی سہولیات کے ساتھ طبی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔

یونین کمیٹی نمبر 04 سیکٹر 5-D میں عامر شہید ڈسپینسری تزین و آرائش کے بعد فعال۔

مرد وزن بمعہ شعبہ اطفال، الٹرا ساؤنڈ، ایکسرے، ریبیس (کتے کے کاٹنے کی ویکسن) اور بچوں کے حفاظتی ٹیکے لگانے کا انتظام موجود۔

ماہر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی نگرانی میں علاج معالجے کی مفت سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔چیئرمین محمد یوسف

مورخہ: 11/ دسمبر 2024ء

کراچی ( ) چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا وائس چیئرمین شعیب بن ظہیر کے ہمراہ عامر شہید ڈسپینسری کا افتتاح۔اس موقع پر یونین کمیٹی نمبر 04 کے چیئرمین، وائس چیئرمین، اراکین یونین کمیٹی، ہیڈ پولیو پروگرام نیو کراچی میڈم فوزیہ، رابطہ آفیسر پولیو میڈم میمونہ، کمیونٹی موبیلائزر میڈم حرمین، ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف، مین کائنڈ ویلفیئر آرگنائزیشن کے ذمہ داران اور ٹاؤن افسران موجود تھے۔اس موقع پر چیئرمین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ عامر شہید ڈسپینسری کی عمارت عرصہ دراز سے ذبوحالی کا شکار تھی طبی سہولیات نا ہونے کے برابر تھیں اور ادویات بھی موجود نہیں تھیں۔ جسکی وجہ سے علاقہ مکین پرائیویٹ کلینک سے مہنگے علاج کرانے پر مجبور تھے، جماعت اسلامی کے نمائندوں نے عوام کی پریشانی اور ان کی ضروریات کو محسوس کرتے ہوئے عامر شہید ڈسپینسری کو فعال کرنے کا ارادہ کیا جس کے لئے مختلف پرائیویٹ سیکٹرز سے رابطہ کیا گیا اور الحمدللہ آج عامر شہید ڈسپینسری کا تزین و آرائش کے بعد افتتاح کردیا گیا ہے، عامر شہید ڈسپینسری میں علاج معالج کی سہولیات مفت فراہم کی جائیں گی جن میں مرد وزن بمعہ شعبہ اطفال، الٹرا ساؤنڈ، ایکسرے، ریبیس (کتے کے کاٹنے کی ویکسن) اور بچوں کے حفاظتی ٹیکے لگانے کا انتظام موجود ہیں اور ماہر ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی نگرانی میں علاج معالج کی مفت سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ڈسپینسری میں کم آمدنی والے افراد اپنے اور اپنے بچوں کا ماہر ڈاکٹرز کی نگرانی میں مفت علاج کے لئے عامر شہید ڈسپینسری تشریف لائیں یہاں پر صاف ستھرے ماحول میں اپنے بچوں کو حفاظتی ٹیکوں کے ساتھ پولیو سے بچاؤ کے قطرے بھی پلوائیں تاکہ آپ کے بچے اس مہلک بیماری سے بچ سکیں، انہوں نے مزید کہا کہ ڈسپینسری میں کتے کے کاٹنے سے بچاؤ کی ویکسن بھی مفت لگائی جائیں گی جس کے لئے خصوصی طور پر ایک ڈپارٹمنٹ بنایا گیا ہے جہاں تمام تر خصوصی انتظامات موجود ہیں، جبکہ خواتین کے لئے زچہ و بچہ وارڈ بھی بنایا گیا ہے اور جدید مشینوں پر الٹرا ساؤنڈ کی مفت سہولت موجود ہے۔

جاری کردہ:۔

عقیل اختر
پبلک ریلیشن آفیسر
نیو کراچی ٹاؤن